## جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 26 برسی ملک بھر میں عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی

## برسی کے موقع پراندرون سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخواہ، فاٹا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کے دفاتر پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے

## مرکزی اجتماع کراچی میں نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوا، رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز، اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور مختلف شعبہ جات کی شرکت،

## مولانا جمیل راٹھور نے خشوع وخضوع کے ساتھ فاتحہ خوانی ودعا کرائی

## برسی کے موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے پاپوش نگر قبرستان جاکر محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی قبر پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی

کراچی۔۔۔5، دسمبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 26 ویں برسی ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی اور مرحومہ کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ برسی کے سلسلے میں اندرون سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخواہ، فاٹا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کے دفاتر پر اجتماعات منعقد ہوئے جن میں محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کے بلند درجات کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ اس سلسلے کا مرکزی اجتماع کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوا جس میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی، اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست سینیٹر، وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین، سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں مولانا جمیل راٹھور نے خشوع وخضوع کے ساتھ اجتماعی دعا وفاتحہ خوانی کرائی جس میں محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کے بلند درجات، قائد تحریک الطاف حسین کے والد نذیر حسین، بھائی ناصر حسین اور بھتیجے عارف حسین سمیت حق پرست شہداء کی مغفرت، لواحقین کیلئے صبر جمیل، محرم الحرام میں امن وامان کے قیام، فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خلاف، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا کی گئی۔ دریں اثناء محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 26 ویں برسی کے موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین واسع جلیل، رضا ہارون، سلیم تاجک اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی عبدالمعید فاروقی نے پاپوش نگر کے قبرستان جاکر محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی قبر پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کی چادر چڑھائی۔ اس موقع پر انہوں نے مرحومہ کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔

## واقعہ کربلا صبرورضا، ایثار وقربانی، عزم وہمت اور استقامت کی لازوال مثال ہے، الطاف حسین

## نواسہ رسول ﷺ حضرت امام حسینؓ اور ان کے رفقاء نے اسلام کی سربلندی کیلئے اپنی جانوں سمیت سب کچھ قربان کردیا

## سید الشہداء حضرت امام حسین اور اہل بیت سے سچی عقیدت ومحبت کا تقاضہ ہے کہ ان کی تعلیمات اور زریں اصولوں کی پیروی کی جائے،

## یوم عاشور کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔5، دسمبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ سید الشہداء حضرت امام حسینؓ اور اہل بیت سے سچی عقیدت ومحبت کا تقاضہ ہے کہ ان کی تعلیمات اور زریں اصولوں کی پیروی کی جائے اور باطل پرست قوتوں کے بجائے اہل حق کا ساتھ دیا جائے۔ یوم عاشور کے موقع پر اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ نواسہ رسول ﷺ حضرت امام حسینؓ اور ان کے رفقاء نے اسلام کی سربلندی اور حق وسچ کی راہ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا لیکن یزیدیت کے آگے سر تسلیم خم نہیں کیا۔ واقعہ کربلا صبرورضا، ایثار وقربانی، عزم وہمت اور استقامت کی ایسی لازوال مثال ہے جو رہتی دنیا تک حق پرستی کے علمبرداروں کیلئے مشعل راہ ہے۔ جناب الطاف حسین نے یوم عاشور کے موقع پر تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے درمیان اتحاد واتفاق، بھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضا برقرار رکھیں اور فرقہ واریت پھیلانے والے سازشی عناصر پر نہ صرف کڑی نگاہ رکھیں بلکہ کسی بھی اشتعال انگیز واقعہ پر مشتعل ہونے کے بجائے ماضی کی طرح فرقہ وارانہ فسادات کی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔

## ایم کیوایم اوراس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت پاکستان بھر میں 9اور 10 محرم الحرام کو کراچی کے 80 سے زائد مقامات ،اندرون سندھ میں 104 مقامات ، پنجاب کے 29 ڈسٹرکٹس ، بلوچستان میں نصیرآباد جبکہ گلگت بلتستان ،مظفرآباد، ایبٹ آباد اور ڈیرہ اسماعیل خان میں جلوسوں کی گزرگاہوں پرطبی واستقبالیہ کیمپ قائم کئے جائیں گے،شربت، پانی اور چائے کی سینکڑوں سبیلیں لگائی جائیں گی

## جلوسوں کے ہمراہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسیں اورعملہ بھی موجود رہے گا،کراچی میں یوم عاشور پرتین مرکزی کیمپ قائم کئے جائیں گے

کراچی۔۔۔5،دسمبر2011ء

متحدہ قومی موومنٹ اوراس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام پاکستان بھر میں 9اور10 محرم الحرام کو کراچی سمیت ملک بھر سے برآمد ہونے والے ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پرسینکڑوں استقبالیہ وطبی کیمپوں کا انعقاد کیا جائے ،شربت ، پانی اور چائے کی سبیلیں قائم کی جائیں گی جبکہ کراچی میں عزاداران حسینؓ کوجلوسوں میں لیجانے کیلئے بس سروس بھی چلائی جائے گی ۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم کے تحت 9اور10 محرم الحرام کو کراچی سے برآمد ہونے والے جلوسوں کی گزرگاہوں پر 80 سے زائد مقامات پرسینکڑوں طبی کیمپس قائم کئے جائیں گے اور شربت و پانی کی سبیلیں لگائی جائیں گی جبکہ جلوسوں کے ہمراہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس سروس اورعملہ بھی موجود رہے گا ۔10 محرم الحرام یوم عاشور کے موقع پرکراچی سے برآمد ہونے والے مرکزی جلوس کی گزرگاہ نمائش چورنگی ، دلپسند اوراللہ والی چورنگی پرتین مرکزی استقبالیہ وطبی کیمپس بھی لگائے جائیں گے ۔اندرون سندھ میں ایم کیوایم کے تحت 19 زونز کے تحت جلوسوں کی گزرگاہوں کے 104 مقامات پرطبی کیمپس قائم کئے جائیں گے اور شربت و پانی کی سبیلیں لگائی جائیں گی ۔صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے پانچ زونز کے تحت 29 ڈسٹرکٹس میں عزاداران حسینؓ کیلئے طبی کیمپس ، چائے اور پانی کی سبیلیں لگائی جائیں گی ۔بلوچستان میں نصیر آباد میں طبی کیمپ اور پانی کی سبیل قائم کی جائے گی ،گلگت بلتستان ،مظفرآباد، ایبٹ آباد اور ڈیرا اسماعیل خان میں بھی ایم کیوایم اوراس کے فلاحی ادارے کے تحت عزاداران حسینؓ کیلئے طبی کیمپوں کا قیام عمل میں لایا جائے گا اور چائے و پانی کی سبیلیں لگائی جائیں گیں ۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے 9 محرم الحرام کو بھی عزاداران حسینؓ کوجلوسوں میں شرکت کرنے کیلئے سفری سہولت فراہم کی گئی اوراس سلسلے میں شہر کے مختلف علاقوں سے درجنوں بسیں چلائی گئیں ۔عزاداران حسین ،علمائے کرام اور امام بارگاہوں نے منتظمین نے ایم کیوایم کی جانب سے بس سروس کے انتظام کا زبردست خیرمقدم کیا اور رمستحسن اقدام پرایم کیوایم سے دلی تشکر کا اظہار بھی کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار واراکین رابطہ کمیٹی رضا ہارون، وسیم آفتاب اور ڈاکٹر صغیر کا شہر کی مختلف امام بارگاہوں کا دورہ،علمائے کرام ومنتظمین سے ملاقاتیں،جلوسوں اور مجالس میں شرکت

کراچی:۔۔۔5دسمبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار واراکین رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب ،رضا ہارون اور ڈاکٹر صغیر احمد نے گزشتہ شب شہر کی مختلف امام بارگاہوں کا دوہ کیا، علمائے کرام ومنتظمین سے ملاقاتیں کی اور جلوسوں اور مجالس میں شرکت ۔اس موقع پرحق پرست ارکان اسمبلی بھی موجود تھے ۔ڈاکٹر فاروق ستار واراکین رابطہ کمیٹی نے علمائے کرام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ماہ محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی ، مذہبی رواداری ، بھائی چارگی کے فروغ کیلئے اپنا عملی کردار ادا کررہی ہے ، تاکہ شہر میں تمام مسالک سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور عوام الناس کے درمیان پیار ، اخوت اور اتحاد برقراررہ سکے ۔انہوں نے کہا کہ ماہ محرم الحرام میں امن وامان کا قیام ایم کیوایم کی اولین ترجیح ہے ۔اس موقع پرعلمائے کرام نے رابطہ کمیٹی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماہ محرم الحرام کے مقدس مہینے کےطفیل تمام مسالک سے وابستہ افراد کو چاہئے کہ وہ ایک دوسرے کے درمیان ہم آہنگی ، اتحاد و یگانگت کے پیغام کو عام کریں ۔علمائے کرام نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد لیڈر ہیں جو اپنی قیادت کے ذریعے اتحاد بین المسلمین کے فروغ کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں ۔

## ایم کیوایم محمودآباد سیکٹر کے کارکن راؤ راشد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔5دسمبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم محمودآباد سیکٹر یوسی 2 کے کارکن راؤ راشد کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ۔(آمین)

## یوم عاشور کے موقع پر ایم کیوایم اوراس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت پنجاب کے مختلف ڈسٹرکٹ سے برآمد ہونے والے جلوسوں کی گزرگاہوں پرطبی کیمپس،شربت وچائے کی سبیلیں لگائی جائیں گی

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے پنجاب میں مختلف امام بارگاہوں کا دورہ کیا،مجلس سماعت اورجلوسوں میں شرکت کی

## پنجاب کی طرح خیبرپختونخواایبٹ آباد،پاراچنار،مظفرآباد،بلتستان اورگلگت میں کیمپس لگائے گئے،لنگرتقسیم کیا گیا،حلوہ بانٹا گیا

## جلوسوں کے ہمراہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس اورعملہ موجودرہا،زخمی عزاداران کوطبی امدادفراہم کی گئی

لاہور،پاراچنار،گلگت:۔۔۔5دسمبر،2011ء

ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام یوم عاشور کے موقع پر پنجاب کے مختلف ڈسٹرکٹ سے برآمد ہونے والے ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پر بھی طبی کیمپوں کا انعقاد کیا جائے گا اور شربت اور چائے کی سبیلیں لگائی جائیں گی۔ان طبی وامدادی کیمپوں کا قیام اورشربت اور چائے کی سبیلیں ایم کیوایم ملتان زون کے تحت یوم عاشور کے موقع پر ملتان، پاکپتن،مظفر گڑھ، لیہ، رحیم یارخان، بہاولپور،لودھراں،خانیوال،ساہیوال، بھاولنگر، ڈیرہ غازی خان، وہاڑی، ایم کیوایم لاہورزون کے تحت لاہور، ننکانہ صاحب،قصور،شیخوپورہ،اوکاڑہ،ایم کیوایم فیصل آبادزون کے تحت جھنگ،ٹوبہ ٹیک سنگھ،بھکر،سرگودھا،چنیوٹ،ایم کیوایم گجرانوالہ زون کے تحت سیالکوٹ،حافظ آباد،گجرات، منڈی بہاؤالدین،ایم کیوایم راولپنڈی زون کے تحت راولپنڈی کے ڈسٹرکٹ سے نکلنے والے جلوسوں کی گزرگاہوں پرلگائی جائیں گی۔دریں اثناءایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کراچی کی طرح پنجاب میں بھی محرم الحرام کے سلسلے میں مختلف امام بارگاہوں میں منعقدہ مجالس میں شرکت کی اورمجالس سماعت کیں۔اس موقع پروہ امام بارگاہوں سے برآمد ہونے والے ماتمی جلوسوں میں بھی شریک ہوئے۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے ماتمی جلوسوں میں علمائے کرام اورمنتظمین سے ملاقاتیں کیں اورجلوسوں کی گزرگاہوں پرایم کیوایم کی جانب سے کئے گئے انتظامات سے آگاہ کیا۔اس موقع پرعلمائے کرام اورمنتظمین نے پنجاب میں جلوسوں کی گزرگاہوں پرایم کیوایم اوراس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سےطبی وامدادی کیمپوں کے انعقاداورشربت وچائے کی سبیلیں لگاکرعزاداران حسین کوسہولیات کی فراہمی کےعمل کوسراہا۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے پنجاب کےمختلف ڈسٹرکٹ میں لگائے گئےطبی کیمپوں،شربت وچائے کی سبیلوں کا دورہ کیااور یہاں خدمات انجام دینے والے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں،ایم کیوایم کے کارکنوں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔صوبہ پنجاب کی طرح صوبہ خیبرپختونخواایبٹ آباد ہری پور میں سرکلرروڈامام بارگاہ پرایم کیوایم کے تحت کیمپ لگایا گیا۔پاراچنار میں جعفریہ امام بارگاہ کےقریب ایم کیوایم کی جانب سےکیمپ کاانعقادکیا گیا جس میں عزاداران حسینؓ کوچائے پیش کی گئی بلتستان میں ایم کیوایم کے تحت کھپلو میں نوربخشی صفیہ کے جلوس میں لنگرتقسیم کیا گیا جبکہ جلوس کے ہمراہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس اورعملہ بھی موجودرہا۔گلگت میں سٹی ڈکیوارہ سیکٹرامامیہ بارگاہ کےقریب کیمپ لگایا گیا جہاں مٹھائی تقسیم کی گئی یہاں سے برآمد ہونے والےجلوس کے ہمراہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولنس اورعملہ بھی موجودتھا۔ڈسٹرکٹ ہنزہ نگراورڈسٹرکٹ استور میں ایم کیوایم کے کارکنان نے جلوسوں کے ہمراہ بطوررضا کارخدمات انجام دیں۔مظفرآباد میں ایم کیوایم کے تحت مرکزی امام بارگاہ پرکیمپ لگایا گیااورحلوہ بانٹا گیا جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس کے ذریعےزخمی عزاداران حسین کوطبی امدادی فراہم کی گئیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نےنشترپارک میں امام بارگاہ شاہ خراساں کادورہ کیا

## پی ای سی ایچ ایس سوسائٹی بلاک نمبر6اوررضویہ امام بارگاہ سے نکلنےوالےمرکزی ماتمی جلوسوں میں شرکت کی

## رابطہ کمیٹی کےاراکین نے ڈسٹرکٹ ایسٹ کمانڈاینڈکنٹرول کے دفترکادورہ کیااورحفاظتی انتظامات کا بھی جائزہ لیا

کراچی۔۔۔5،دسمبر2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین واسع جلیل، وسیم آفتاب، ڈاکٹرصغیراحمداوررضاہارون نےنشترپارک میں امام بارگاہ شاہ خراساں کا دورہ کیا جبکہ پی ای سی ایچ ایس سوسائٹی بلاک نمبر6اوررضویہ امام بارگاہ سے نکلنے والےمرکزی ماتمی جلوسوں میں شرکت کی۔رابطہ کمیٹی کےاراکین نے علمائے کرام اورجلوسوں کےمنتظمین سے ملاقاتیں کیں اور جلوسوں کی گزرگاہوں پرلائٹنگ،طبی کیمپس،سبیل اورسیکورٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پررابطہ کمیٹی کے اراکین نے ایم کیوایم کی جانب سے لگائے گئےطبی کیمپوں کا دورہ کیااورزخمی عزاداران حسین طبی سہولیات کی فراہمی پرخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں، ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے عملے کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔بعدازاں رابطہ کمیٹی کے اراکین نے ڈسٹرکٹ ایسٹ کمانڈاینڈکنٹرول کے دفترکادورہ کیااورحفاظتی انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

## محرم الحرام کے موقع پر تمام مکاتبِ فکر کے مابین ہم آہنگی کو برقرار رکھنا ہماری اولین ذمہ داری ہے، محمد شریف
## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے فرقہ وارانہ عفریت کا خاتمہ کیا، صلاح الدین
## محرم الحرام میں امن وامان کے سلسلے میں علماء اکرام اور مجلس کے منتظمین کا تعاون درکار ہے، سید طیب حسین
## واقعہ کربلا ہمیں حق کی راہ میں قربانی اور صبر وبرداشت کا درس دیتا ہے، اکرم عادل
## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کی جانب سے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے اکرام سے رابطوں کے سلسلہ میں ملاقاتیں

حیدرآباد۔۔۔05دسمبر2011ء

قائدتحریک الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پرمحرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارےئ کی فضا برقرار رکھنے کے لئے کی جانیوالی کوششوں کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کی جانب سے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے رابطوں کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف وارا کین زونل کمیٹی حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی صلاح الدین اور اکرم عادل نے علیحدہ علیحدہ علاقائی ذمہ داران کے ہمراہ محرم الحرام کے حوالے سے دالعلوم احسن برکات کے مفتی میاں احمد برکاتی سے، انجمن حیدری کے صدر علی نواز بھٹو، رضا ایرانی اور علامہ سید وسیم حسین زیدی سے جمعت الحدیث کے علماء اکرام اورعہدیداران سے ملاقات کی ۔اس موقع پر زونل انچارج محمد شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملت اسلامیہ کے نزدیک محرم الحرام کا تقدس اوراحترام مسلمہ اور بے حد فضیلت واہمیت کا حامل ہے، تمام مکاتبِ فکر کے مسلمان اپنے عقائد کے مطابق اس ماہِ مقدس کو نہایت عقیدت واحترام اور مذہبی جوش وجذبہ سے مناتے ہیں ۔اوراس اہم موقع پر تمام مکاتبِ فکر کے مابین ہم آہنگی کو برقرار رکھنا ہماری اولین ذمہ داری ہے ۔حق پرست ایم این اے صلاح الدین نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے فرقہ وارانہ عفریت کا خاتمہ کیا اور مختلف فرقوں میں منقسم مسلمانوں کو باہم دست وگریباں ہونے سے روکا اوران کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم کی انہوں نے کہا کہ ہمیں امن وامان کے قیام میں اپنے روایتی کردار کا مظاہرہ کرنا ہوگا اور نام نہاد مذہبی عناصر اور شرپسندوں پر نظر رکھنا ہوگی تاکہ کسی کو بھی شہر میں امن وامان کو خراب کرنے کا موقع ہاتھ نہ آئے ۔حق پرست ایم این اے سید طیب حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم واحد سیاسی جماعت ہے جس نے ہمیشہ محرم الحرام اور دیگر مذہبی تہواروں پر امن وامان بھائی چارہ اور فرقہ ورانہ ہم آہنگی کو قائم رکھنے کے سلسلے میں اہم کردار ادا کیا ہے اور ہمیں اس سلسلے میں آپ علماء اکرام اور مجلس کے منتظمین کا تعاون درکار ہے ۔حق پرست ایم پی اے اکرم عادل نے کہا کہ واقعہ کربلا ہمیں حق کی راہ میں قربانی اور صبر وبرداشت کا درس دیتا ہے اور اسی پیغام کی بدولت ہم آپکی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کا محرم الحرام میں امن وامان کیلئے کردار قابل ستائش و تقلید ہے ۔اس موقع پر مختلف تنظیموں کے رہنماؤں اور علمائے کرام نے قائدتحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کے اقدامات وانتظامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ امن وامان کی کوششوں میں متحدہ قومی موومنٹ کیساتھ ہے اور انہوں نے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی ۔

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زیراہتمام قائدتحریک الطاف حسین بھائی کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 26ویں برسی کے موقع پر ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کا انعقاد کیا گیا

حیدرآباد۔۔۔05دسمبر2011ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زیراہتمام قائدتحریک الطاف حسین بھائی کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 26ویں برسی کے موقع پر ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کا انعقاد کیا گیا جسمیں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف وارا کین زونل کمیٹی حق پرست ارا کین اسمبلی سید طیب حسین ، وسیم حسین ، اکرم عادل کے علاوہ سیکٹرز و یونٹس اور شعبہ جات اے پی ایم ایس او لیبرڈویژن ایلڈرز ونگ میڈیکل ایڈ لیگل ایڈ شعبہء خواتین ودیگر کے ذمہ داران وکارکنان وہمدردوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی قرآن و فاتحہ خوانی کے اختتام پر اجتماعی دعا کرائی گئی جس میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کے درجات کی بلندی کے ساتھ ساتھ تحریک کے تمام شہداؤں اور قائدِ تحریک کے بھائی اور بھتیجے کے درجات کی بلندی اور قائدتحریک کی صحت ودرازی عمر اور تحریک کی کامیابی کیلئے بھی خصوصی دعائیں کی گئیں ۔

## ایم کیوایم سکھر زون کے زیرِ اہتمام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 26 ویں برسی انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی

سکھر:۔۔۔5دسمبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے زیر اہتمام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 26 ویں برسی انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی۔اس سلسلے میں سکھر زون میں آفس میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد ہوا جس میں سکھر زون کے انچارج محمد قطب الدین کمیٹی کے دیگر اراکین ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان، لیبر ڈویژن، اے پی ایم ایس او، شعبہ خواتین کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں مرحومہ کی مغفرت، تحریک کے تمام شہداء اسیر کارکنان، محرم الحرام میں امن وامان کے قیام سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعا کی گئی (آمین)۔

## محرم الحرام کے موقع پر روہڑی میں عزاداروں کیلئے میڈیکل کیمپ کا نعقاد کیا گیا طبی کیمپ پر ماتمی جلوسوں کے عزاداران حسینؑ کو طبی سہولیات فراہم کیں سکھر زون کے انچارج محمد قطب الدین، واراکین زونل کمیٹی سمیت دیگر نے محرم الحرام میں برآمد ہونیوالے جلسوں کی گزرگاہوں کے راستوں کا دورہ کیا اور یوم عاشور کے موقع پر سیکورٹی کی حوالے سے انتظامات کا جائزہ

سکھر:۔۔۔5دسمبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے زیر اہتمام 09 محرم الحرام کے موقع پر روہڑی میں عزاداروں کیلئے میڈیکل کیمپ کا نعقاد کیا گیا۔جس میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ماہر ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل اسٹاف، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاران، ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے ماتمی جلوسوں کے عزاداران حسینؑ کو طبی سہولیات فراہم کیں۔بعدازاں سکھر زون کے انچارج محمد قطب الدین، واراکین زونل کمیٹی نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کے ہمراہ محرم الحرام میں برآمد ہونیوالے جلسوں کی گزرگاہوں کے راستوں کا دورہ کیا اور یوم عاشور کے موقع پر سیکورٹی کی حوالے سے انتظامات کا جائزہ بھی لیا۔

## ملک کے دیگر شہروں کی طرح میر پور خاص زون، گھوٹکی زون، قمبر شہدا کوٹ زون، دادو زون، جامشورو زون، نوابشاہ زون، سانگھڑ زون، ٹنڈوالہ یار زون، عمرکوٹ، نوشہرو فیروز زون، میں بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم (مرحومہ) کی برسی نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی

## اجتماعات میں مرحومہ کی مغفرت، حق پرست شہدا کے بلند درجات، اسیر کارکنان کی رہائی، محرم الحرام میں قیام امن سمیت قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کے لئے خصوصی دعائیں

اندرون سندھ۔۔۔5دسمبر 2011ء

ملک کے دیگر شہروں کی طرح ایم کیوایم میر پور خاص زون، گھوٹکی زون، قمبر شہدا کوٹ زون، دادوزون، جامشوروزون، نوابشاہ زون، سانگھڑ زون، ٹنڈوالہ یار زون، عمرکوٹ، نوشہروفیروز زون، میں بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ کی 26 ویں برسی نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی، اس سلسلے میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم کے دفاتر میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات ہوئے۔جسمیں ایم کیوایم زونل انچارجز واراکین زونل کمیٹیز ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں مرحومہ کی مغفرت، حق پرست شہدا کے بلند درجات، اسیر کارکنان کی رہائی، محرم الحرام میں قیام امن سمیت قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کے لئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## ایم کیوایم راولپنڈی زون میں قائد جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 26ویں برسی انتہائی عقیدت سے منائی گئی

راولپنڈی۔۔۔۔۔ 5،دسمبر 2011ء

ایم کیوایم راولپنڈی زون کے زیر اہتمام قائد جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 26 ویں برسی آج بروز پیر ملک بھر کی طرح ایم کیوایم راولپنڈی زون کے آٹھ اضلاع میں انتہائی عقیدت و احترام سے منائی گئی۔اس سلسلے میں بڑااجتماع ایم کیوایم ضلعی دفتر اسلام آباد میں منعقد ہوا،جس میں سینٹرل ایگزیکٹیوکونسل کے رکن زاہد ملک ،راولپنڈی زون کے جائنٹ انچارج کیپٹن (ر) رحیم شاہ،اراکین زونل کمیٹی،ضلع اسلام آباد کے انچارج یاسر علی،اراکین ضلعی کمیٹی،کارکنان اورعوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پرمرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔دریں اثناءاس موقع پر قائدتحریک جناب الطاف حسین کی دارزی عمراورصحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کرائی۔

## قائدتحریک الطاف حسین کی ہدایت پرایم کیوایم کی ضلعی کمیٹی نے امسال بھی نومحرم الحرم کواسلام آباد کے مرکزی ماتمی جلوس کی گزرگاہ میں خدمت خلق فاﺅنڈیشن کے زیراہتمام میڈیکل کیمپ لگایا۔سینکڑوں عزاداروں کوطبی امدادی دی گئی

اسلام آباد۔۔۔۔۔05دسمبر 2011ء

قائدتحریک الطاف حسین کی ہدایت پرایم کیوایم کی ضلعی کمیٹی نے امسال بھی نومحرم الحرم کواسلام آباد کے مرکزی ماتمی جلوس کی گزرگاہ میں خدمت خلق فاﺅنڈیشن کے زیراہتمام میڈیکل کیمپ لگایا گیا،جس میں سینکڑوں عزاداروں کوطبی امدادی گئی۔مرکزی امام بارگاہ کے منتظمین نے جناب الطاف حسین کے جذبے انسانیت کوسراہااورایم کیوایم کے ذمہ داران،کارکنان اورخدمت خلق فاﺅنڈیشن کے رضا کاروں کاشکریہ ادا کیا۔اس موقع پرخدمت خلق فاﺅنڈیشن کی ایمبولنس سروس بھی فعال رہی اورزخمی عزاداروں کوطبی امداد کی غرض سے ہسپتالوں میں پہنچاتی رہی۔سینٹرل ایگزیکیٹیوکونسل کے رکن زاہدملک نے اراکین زون کمیٹی کے ہمراہ میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا،انہوں نے میڈیکل کیمپ میں کام کرنے والے ذمہ داران کارکنان اوررضا کاروں کوقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی۔اس موقع پرمیڈیا سے گفتگوکرتے ہوئے زاہدملک نے کہا کہ محرم الحرام میں شہدائے کربلا کی عظیم قربانیاں سب کیلئے مشعل راہ ہیں اوراس مہینے میں فرقہ واریت پھیلانے والے عناصرنہ صرف ملک بلکہ مسلم امہ کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی عملی کاوشوں کے باعث محرم الحرام اوردیگراسلامی مہینوں میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی پائی جاتی ہے،تمام مسالک اورعقائد کے ماننے والے نہ صرف ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں بلکہ جناب الطاف حسین کی تعلیمات کوقدرکی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔انہوں نے مرکزی امام بارگاہ کے منتظمین اوراسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ کاشکریہ ادا کیا۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 26ویں برسی کے موقع پرملتان زون کے تحت زون میں شامل جنوبی پنجاب کے 13اضلاع میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات کاانعقاد۔

ملتان:۔۔۔۔۔5دسمبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 26ویں برسی کے موقع پرملتان زون کے زیراہتمام زونل آفس شاہ رکن عالم کالونی ملتان میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد کیا گیا۔اس موقع پراراکین صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب،سیدشیراز،فصیل ڈار،زونل انچارج ملتان رائے خالد محمود واراکین زونل کمیٹی،ڈسٹرکٹ ملتان انچارج ندیم مرزاواراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی ضلع ملتان اورٹاﺅن انچارجز سمیت ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔دریں اثناءملتان زون کے دیگراضلاع،مظفرگڑھ،ڈی جی خان،لیہ،راجن پور،خانیوال،ساہیوال،پاک پتن،بہاولنگر،وہاڑی،لودہراں،بہاولپور،رحیم یارخان کے دفاتر میں بھی قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی گئی۔زونل آفس میں ہونے والی قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے بعدزونل ممبرڈاکٹراکرم نے مرحومہ کے بلندی ءدرجات اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی صحت و تندرستی اوردرازی ءعمراور23دسمبرکوہونے والے جلسہ ملتان کے لئے خصوصی دعافرمائی۔اس موقع پرجوائنٹ زونل انچارج راﺅمحمدخالد،زونل ممبران سیدعلی عمران،عمران اعظم گاڈی،کلیم زبیر،راشدہاشمی،جاویدحیدرڈسٹرکٹ کمیٹی کے ممبران ندیم رضوی،ذولقرنین بھٹہ،راﺅقدیر،علی عارف قریشی،ٹاﺅن انچارجزسیدشاہدشاہ،آصف جاہ،محمدحنیف،شاہد عوامی اورمختلف یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان موجود تھے۔

## سچ کی سربلندی کے لئے حضرت امام حسینؓ نے بے پناہ قربانیاں دیں،افتخار اکبر رندھاوا

ملتان:۔۔۔۔۔5دسمبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے ملتان زون پر زونل کمیٹی ،ڈسٹرکٹ وٹاؤنز کمیٹیوں کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ سچ کی سربلندی کے لئے حضرت امام حسینؓ نے بے پناہ قربانیاں دیں اور ظالم و جابر قوتوں کے سامنے سرنہیں جھکایا۔حضرت امام حسینؓ کی یہ قربانیاں ہمارے لئے مشعلِ راہ ہیں ۔حق پرست کارکنان وعوام کوفرسودہ نظام کے خاتمے کے لئے بڑی سے بڑی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیےاس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان سید شیراز ،فیصل فجاج ڈارزونل انچارج رائے خالد محمود ،جوائنٹ زونل انچارج راؤ محمد خالد،سیکرٹری اطلاعات علی عمران سہروردی،زونل ممبران جاوید حیدر،ڈاکٹر اکرم ،ندیم مرزا،قاسم رضوی،قیصر عباس کھیڑا،رانا افلاطون،عمران اعظم گاڈی،کلیم زبیر خان اوررانا ابوبکر بھی موجود تھے۔

## خورشید بیگم (مرحومہ ) کی 26ویں برسی کے موقع پر مظفرگڑھ میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع

## خورشید بیگم (مرحومہ ) کی مغفرت، بلند درجات اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے خصوصی دعا کی گئی

مظفرگڑھ۔۔۔۔۔5دسمبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے بانی وقائد جناب الطاف حسین کی والدہ ماجدہ خورشید بیگم (مرحومہ ) کی 26ویں برسی مظفرگڑھ میں نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی ،قرآن خوانی کا اجتماع ڈسٹرکٹ آفس مظفرگڑھ میں منعقد کیا گیا جس میں مرحومہ کے بلند درجات ، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام ،قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر ،صحت وتندرستی سمیت حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے بھی خصوصی دعا کی گئی ۔قرآن خوانی کے اجتماع میں انچارج واراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی مظفرگڑھ ،اوردیگر ذمہ دارن وکارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

## محرام الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی، بھائی چارے کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر

## ایم کیوایم مظفرگڑھ کے ذمہ داران کی مختلف علماء کرام سے ملاقاتیں

## ایم کیوایم کے وفد کی محرم الحرام کے سلسلے میں مختلف امام بارگاہوں کا دورہ،جلسوں جلوسوں میں شرکت

مظفرگڑھ۔۔۔۔۔5دسمبر 2011ء

محرام الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیوایم مظفرگڑھ کے ذمہ داران نے مظفرگڑھ میں مختلف علمائے کرام سے ملاقاتیں کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کا پیغام پہنچایااس موقع پر ایم کیوایم کے وفد نے محرام الحرام کے سلسلے میں مختلف امام بارگاہوں کا دورہ کیا اور جلسوں جلوسوں میں بھی شرکت کی ،ایم کیوایم کے وفد نے مجلس وحدت مسلمین مظفرگڑھ کے عہد یدارن سے بھی ملاقت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کا پیغام پہنچایا۔اس موقع پر ایم کیوایم مظفرگڑھ کے انچارج علی زیب نے علمائے کرام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے اور ایم کیوایم چاہتی ہے کہ تمام مسالک والے اپنے تمام اختلافات کا خاتمہ کرتے ہوئے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے عملی کوشش کریں اور ایک دوسرے کے عقائد کا دل سے احترام کریں۔

☆☆☆☆☆